DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC REALTEIONS
BALOCHISTAN

نظامتِ اعلیٰ تعلقاتِ عامہ
حکومتِ بلوچستان

NO.DGPR(PRESS CLIPPING)/ 715

DATED. 18-08-2026.

**SUBJECT:- PRESS CLIPPINGS.**

*kindly find enclosed here with a set of press clipping of Local/National Newspapers for information and necessary action.*

***for* (Director General)**

***The Press Secretary to***
*Chief Minister, Balochistan, Quetta.*

RAMZAY ROAD QUETTA

PHONE NO: 081-9202548-9201615-9201956, FAX NO:081-9201108
e-mail: dgprquettabalochistan@.com, dgprquetta.advt@gmail.com

CamScanner

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

مورخہ 18.08.2026

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | عوام سے کیئے گئے وعدوں کی تکمیل کا عمل جاری ہے، فیصل خان جمالی | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | قوم شہدائے زیارت کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی، نورمحمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | جوڈیشل افسران بیرونی دباؤ سفارش لالچ یا مداخلت سے بالاتر ہوکر کام کریں، بلوچستان ہائی کورٹ | جنگ ودیگراخبارات |
| 04 | اٹاثون وگاڑیوں کی کم قیمت پر نیلامی ڈپٹی ڈائریکٹر آبپاشی گرفتار | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | 14 دنوں میں بوٹس رجسٹر کرالی جائیں سخت قانونی کارروائی ہوگی، محکمہ فشریز | مشرق ودیگراخبارات |
| 06 | گوادر این جی اوز کو مقامی روزگار شفافیت اور عوامی مفاد یقینی بنانے کی ہدایت | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | زیارت واقعہ کی تحقیقات کیلئے جسٹس عامر نواز رانا کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن قائم | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی صوبے بھر میں سیلز ٹیکس نفاذ مہم مزید تیز | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | بلوچستان حکومت کا کم آمدن افراد کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کا فیصلہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | شہدائے زیارت کی عظیم قربانی نے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا، آل پارٹیز | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | امن کے قیام سیاسی قوتوں کے درمیان رابطوں کا عمل جاری رہنا چاہئے، نوابزادہ جمال رئیسانی | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | پشتون قومی جرگہ سے پشتونخوا وطن کے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | دہشتگردی کوئی آسمانی آفت نہیں غلط فیصلوں سے مسلط ہوئی، مقررین | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل حل ہوسکتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمٰن | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سیکورٹی فورسز کا زیارت اور ہرنائی کے سرحدی علاقے میں کامیاب آپریشن 4 دہشتگرد ہلاک، مشرقی بائی پاس کی دکان پر مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص زخمی، دالبندین مسلح افراد نے ایک ٹرک نذر آتش کردیا، دشت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک، بسیمہ میں ٹارگٹڈ آپریشن دو دہشت گرد ہلاک تین زخمی، قلات ٹول پلازہ کے قریب ڈاکوؤں کی کوچ پر فائرنگ مسافروں سے لوٹ مار، خاران کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

## عوامی مسائل:

کوئٹہ کی اہم شاہراہیں تاریکی میں ڈوب گئیں، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا، متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہیں ہوسکی، گیس حکام کو سیکورٹی کلیئرنس کا انتظار، خضدار کا 13 سال قبل منظور گیس پلانٹ تاحال التواء کا شکار، کوئٹہ میں سڑکیں خستہ حال زندگی مشکل تر، سریاب وملحقہ علاقوں میں گیس بحالی کا مطالبہ، جناح روڈ پر منشیات کے عادی افراد کو ڈیرے بحالی مراکز منتقل کرنے کا مطالبہ، کوہلو افسران کی عدم موجودگی سائلین کو پریشانی کا سامنا

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 18.08.2026

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ صوبائی وزیر میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان کے عوام کی محرومیوں کا خاتمہ نوجوانوں کو بہتر مواقع کی فراہمی اور صوبے میں پائیدار ترقی کا فروغ ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے بلوچستان کی ترقی دراصل پاکستان کی ترقی ہے صوبے کے وسیع قدرتی وسائل، ساحلی پٹی، معدنی ذخائر اور باصلاحیت نوجوان پاکستان کی معاشی ترقی کا اہم ذریعہ بن سکتے ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد میں صوبے کے عوام کا جائز حصہ دیا جائے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچائے جائیں، بلوچستان کے نوجوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں تعلیم، روزگار، جدید ہنر اور کاروباری مواقع فراہم کر کے انہیں قومی ترقی کے دھارے میں موثر انداز میں شامل کیا جا سکتا ہے، حکومت کی ترجیح ہونی چاہئے کہ بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لئے مساوی مواقع فراہم کئے جائیں بلوچستان میں امن، سیاسی استحکام اور معاشی ترقی ایک دوسرے سے جڑے ہوئے ہیں امن ہوگا تو سرمایہ کاری آئے گی اور اس مقصد کیلئے تمام سیاسی وسماجی قوتوں کو مل کر آگے بڑھنا ہوگا، ہم سمجھتے ہیں کہ صوبائی میر ظہور بلیدی کا نوجوانوں اور بلوچستان کے وسائل سے حاصل ہونے والے فوائد صوبے کے عوام کا جائز حصہ دینے اور ترقی کے ثمرات عام آدمی تک پہنچانے کے حوالے سے دیا گیا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے انہوں نے اس میں بلوچستان کے نوجوانوں کو اپنے مستقبل کی تعمیر کے لئے مساوی مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے اظہار خیال کر کے بلوچستان کے نوجوانوں کے ساتھ مکمل اظہار یک جہتی کیا ہے۔ ان کا ایسا کرنا موجودہ حالات میں بالکل صحیح ہے کیونکہ اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ بلوچستان کے نوجوان قیمتی اثاثہ ہیں۔

**اداریے :**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**نوشکی میں ماں بیٹی کا قتل ...بلوچستان کو تشدد کے خلاف ایک آواز ہونا ہوگا** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ زمانہ کوئٹہ نے "**بلوچستان خواتین وبچے دہشت گردوں کا نشانہ** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Food Shortage" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین :**

روزنامہ بلوچستان نیوز اور قدرت کوئٹہ نے "**کور کمانڈ بلوچستان کا دورہ پنجگور اور جشن آزادی کی خوشیاں** " کے عنوان سے نسیم الحق زاہدی نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 1

# قوم شہدائے زیارت کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کریگی، نور محمد دمڑ

## شہدائے زیارت نے جانوں کا نذرانہ دیکر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا، صوبائی وزیر خوراک

## چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے شہدائے زیارت کے چہلم کے موقع پر قرآن خوانی کا اہتمام کیا، ایصال ثواب اور درجات کی بلندی کیلئے دعا کی گئی

زیارت (ن ن) حاجی نور محمد خان دمڑ کے زیر اہتمام سانحہ زیارت کے شہداء کے چہلم کے موقع پر آج زیارت میں قرآن خوانی اور ختم قرآن کا روح پرور اور باوقار اہتمام کیا گیا محفل کا مقصد شہدائے زیارت کے ایصال ثواب، مغفرت اور درجات کی بلندی کیلئے خصوصی دعائیں کرنا تھا اس موقع پر ...... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر سی ایم ڈی و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ اور ڈپٹی کمشنر عبداللہ اس اچکزئی نے خصوصی طور پر شرکت کی وزیر موصوف نے قرآن پاک کی تلاوت کی اور شہدائے زیارت کے درجات کی بلندی، مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی انہوں نے شہداء کے غمزدہ لواحقین کیلئے صبر جمیل، حوصلے اور استقامت کی بھی دعا فرمائی تقریب میں ضلعی صدر عبدالستار کاکڑ، تحصیل صدر حبیب اللہ پانیزئی علماء کرام، قبائلی و سیاسی رہنماؤں، سرکاری افسران، معتبرین اور اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے شرکت کی شرکاء نے اجتماعی طور پر قرآن پاک کی تلاوت کی، ختم قرآن میں حصہ لیا اور شہدائے زیارت کی عظیم قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت پیش کیا صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ شہدائے زیارت نے اپنی جانوں کا نذرانہ دے کر بلوچستان کے امن، ریاست کی عزت اور قانون کی بالادستی کو قائم رکھا قوم ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کرے گی شہداء کی یاد میں منعقد ہونے والی ایسی روحانی محافل نہ صرف ایصال ثواب کا ذریعہ ہیں

# عوام سے کیے وعدوں کی تکمیل کا عمل جاری ہے، فیصل خان جمالی

## پیپلز پارٹی عوامی خدمت اور صوبے کی ترقی و خوشحالی پر یقین رکھتی ہے

## حکومت محض اعلانات تک محدود نہیں، مسائل کے حل کیلئے اقدامات اٹھا رہی ہے، صوبائی وزیر

اوستا محمد (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ عوام سے کیے گئے وعدوں کی تکمیل کا عمل جاری ہے پیپلز پارٹی بلوچستان کے عوام کی خدمت اور صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے عملی اقدامات پر یقین رکھتی ہے عوامی مسائل کے حل اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ گوٹھ سردار رستم خان جمالی ...... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

اوستا محمد میں حلقہ انتخاب کے مختلف علاقوں سے آنے والے افراد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت صوبے کی ترقی خوشحالی اور عوام کی فلاح و بہبود کے لئے مربوط حکمت عملی کے تحت اقدامات کر رہی ہے۔ مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبے اس امر کا واضح ثبوت ہیں کہ حکومت محض اعلانات تک محدود نہیں بلکہ عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا رہی ہے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ اوستا محمد کی ترقی اور خوشحالی پیپلز پارٹی کی حکومت کی ترجیحات میں سرفہرست ہے۔ علاقے میں عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مختلف ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے جبکہ سڑکوں آبنوشی صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ ہماری کوشش ہے کہ ترقی کے ثمرات شہری علاقوں کے ساتھ ساتھ دور دراز دیہی علاقوں تک بھی پہنچیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار گھرانہ ہمیشہ اپنے عوام کے ساتھ کھڑا رہا ہے اقتدار میں ہو یا اقتدار سے باہر عوام سے رابطہ اور ان کے مسائل کے حل کے لیے جدوجہد کا سلسلہ کبھی نہیں رکا۔ انتخابات کے دوران عوام سے کیے گئے وعدوں کو ترجیحی بنیادوں پر مرحلہ وار عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ ہماری سیاست کا محور عوامی خدمت ہے ہم محض وعدوں اور نعروں کے بجائے عملی اقدامات اور قابل عمل وعدوں پر یقین رکھتے ہیں۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی حکومت عوامی مسائل کے حل بنیادی سہولیات کی فراہمی روزگار کے مواقع پیدا کرنے اور ترقیاتی عمل کو مزید تیز کرنے کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے۔ ہمارا مقصد بلوچستان کے ہر علاقے کو ترقی کے دھارے میں شامل کرنا اور عوام کا معیار زندگی بلند کرنا ہے۔ عوام نے جو اعتماد کیا ہے اسے قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں اور ان کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھیں گے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 7

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 2


## جوڈیشل افسران بیرونی دباؤ، سفارش، لالچ یا مداخلت سے بالاتر ہو کر کام کریں

کسی کو عدالتی کارروائی، حکم، فیصلے، ضمانت، کیس مینجمنٹ، فہرست سازی، مقدمے کی منتقلی یا عدالتی و انتظامی معاملے پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں ہوگی

**بیرونی دباؤ یا مداخلت کی کوشش پر تحریری طور پر اطلاع لازمی قرار، اطلاع نہ دینے والے جوڈیشل افسر کیخلاف بھی تادیبی کارروائی ہوسکتی ہے، ہدایات جاری**

کوئٹہ (جنگ نیوز) بلوچستان ہائی کورٹ نے عدالتی آزادی کے تحفظ، عدالتی کارروائیوں میں بیرونی اثر و رسوخ کی روک تھام اور جوڈیشل افسران کی غیر جانبداری یقینی بنانے کے لیے تمام ماتحت عدالتوں کے جوڈیشل افسران کو سخت ہدایات جاری کر دیں۔ چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کے حکم پر جاری ہدایات میں واضح کیا گیا ہے کہ تمام جوڈیشل افسران اپنے فرائض قانون کے مطابق [illegible]

MASHRIQ QUETTA

## اثاثوں، گاڑیوں کی کم قیمت پر نیلامی، ڈپٹی ڈائریکٹر آبپاشی گرفتار

دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپے جاری، اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے مقدمہ درج کر کے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر دیا

**نیلامی کی تشہیر، مقررہ قیمت، اشتہارات، کامیاب بولی دہندگان اور سرکاری خزانے میں جمع رقم سمیت دیگر کا جائزہ لیا جا رہا ہے**

کوئٹہ (پی این آئی) محکمہ آبپاشی بلوچستان کے سرکاری اثاثوں، گاڑیوں اور بھاری مشینری کو مبینہ طور پر انتہائی کم قیمت پر نیلام کیے جانے کے معاملے پر اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے کارروائی کرتے ہوئے مقدمہ درج کر لیا، جبکہ تحقیقات کا دائرہ ........ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7

وسیع کر دیا گیا ہے۔ کارروائی کے دوران متعلقہ ڈپٹی ڈائریکٹر [illegible] کو گرفتار کر لیا گیا، جبکہ دیگر مبینہ ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق محکمہ آبپاشی بلوچستان کی قیمتی سرکاری گاڑیوں اور بھاری مشینری کی نیلامی میں مبینہ بے ضابطگیاں، اثاثوں کی کم قیمت مقرر کیے جانے اور قومی خزانے کو مبینہ طور پر کروڑوں روپے کے نقصان کے الزامات سامنے آنے کے بعد اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ بلوچستان نے باقاعدہ کارروائی کا آغاز کیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تحقیقات میں یہ جائزہ لیا جا رہا ہے کہ سرکاری گاڑیوں اور بھاری مشینری کی اصل مالیت کے مقابلے میں ان کی نیلامی کس بنیاد پر انتہائی کم قیمت پر کی گئی

## 14 دنوں میں بوٹس رجسٹر کرائی جائیں سخت قانونی کارروائی ہوگی، محکمہ فشریز

**ڈسٹرکٹ گوادر میں غیر رجسٹرڈ اسپیڈ بوٹس کی رجسٹریشن اور ماہی گیری لائسنس لازمی قرار**

گوادر (پی این اے) غیر رجسٹرڈ اسپیڈ بوٹس کی رجسٹریشن، لائسنس کی تجدید اور ماہی گیری کارڈ کا حصول لازمی قرار، اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز گوادر کی جانب سے علاقے میں تمام موجودہ سیکیورٹی صورتحال اور اعلیٰ حکام کی ہدایات کے فیصلوں کے پیش نظر تمام ماہی گیری اسپیڈ بوٹ مالکان اور ماہی گیروں کے لیے اہم ہدایات جاری کر دی گئی ہیں۔ جاری کردہ سرکاری اعلامیے کے مطابق گوادر کی سمندری حدود میں چلنے والی تمام اسپیڈ بوٹس جن کا رجسٹریشن محکمہ فشریز گوادر میں درج نہیں ہے ان کے مالکان کو پابند کیا گیا ہے کہ وہ 14 دنوں کے اندر تمام ضروری دستاویزات دفتر میں جمع کروا کر اپنی بوٹس کا اندراج کروائیں اور ........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7

ماہی گیری لائسنس حاصل کریں۔ رجسٹریشن کا عمل مکمل ہونے کے بعد تمام مالکان کو الاٹ شدہ رجسٹریشن نمبر اپنی بوٹس پر نمایاں اور واضح جگہ پر چسپاں کرنا لازمی ہوگا جبکہ پہلے سے رجسٹرڈ بوٹ مالکان بھی اپنے الاٹ شدہ نمبر بوٹ پر تحریر کرنے کے پابند ہوں گے۔ [illegible] واضح کیا گیا ہے کہ جن بوٹ مالکان کے پاس سال 2026 کے لائسنس کی تجدید باقی ہے وہ فوری طور پر اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز کے دفتر سے تجدید کروائیں اور جن ماہی گیروں نے تاحال اپنے ماہی گیری کارڈ حاصل نہیں کیے وہ بلاتاخیر اپنے کارڈ بنوا لیں۔ تمام بوٹ مالکان اور ماہی گیروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ دوران سفر اپنے تمام ضروری کاغذات اور لائسنس ہمراہ رکھیں تاکہ کسی بھی قسم کی چیکنگ یا رکاوٹ کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ اعلامیے کے اختتام میں تنبیہ کی گئی ہے کہ ان ہدایات پر عملدرآمد نہ کرنے یا خلاف ورزی کرنے کی صورت میں متعلقہ مالکان و ماہی گیروں کے خلاف بلوچستان سی فشریز آرڈیننس 1971 (ترمیم شدہ ایکٹ 2022) کے تحت سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 3


## گوادر: این جی اوز کو مقامی روزگار، شفافیت اور عوامی مفاد یقینی بنانے کی ہدایت

**70 سے زائد این جی اوز رجسٹرڈ یا فعال، غیر حاضر تنظیمیں 3 روز میں سرگرمیوں، رجسٹریشن اور دیگر کوائف جمع کرائیں، ڈپٹی کمشنر**

**تکنیکی اور غیر تکنیکی آسامیوں پر مقامی نوجوانوں کو ترجیح دی جائے، این جی اوز کے منصوبوں، فنڈنگ، آڈٹ اور کارکردگی کی تفصیلات ضلعی انتظامیہ کو دینے کی ہدایات**

گوادر (آئی این پی) ڈپٹی کمشنر گوادر نجیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ضلع گوادر میں کام کرنے والی غیر سرکاری تنظیموں (این جی اوز) کے نمائندگان کا تعارفی اجلاس ڈپٹی کمشنر آفس گوادر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ڈاکٹر عبدالشکور سمیت مختلف این جی اوز

بقیہ نمبر 77 صفحہ 5

اور متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع گوادر میں این جی اوز کی جاری سرگرمیوں، منصوبوں، رجسٹریشن، روزگار کے مواقع، مالی شفافیت، مقامی آبادی کو فراہم کی جانے والی سہولیات اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ موثر رابطہ کاری کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نجیب اللہ کاکڑ نے کہا کہ گوادر میں کام کرنے والی این جی اوز کی بنیادی ذمہ داری مقامی آبادی کی فلاح و بہبود اور علاقے کی پائیدار ترقی میں موثر کردار ادا کرنا ہے۔ ضلعی انتظامیہ حقیقی اور شفاف سرگرمیوں کے ذریعے عوام کو فائدہ پہنچانے والی تنظیموں کی حوصلہ افزائی کرے گی تاہم تمام اداروں کے لیے شفافیت، جوابدہی اور قواعد و ضوابط کی پابندی ضروری ہے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ این جی اوز میں مقامی افراد کو روزگار کے مواقع میں ترجیح دی جائے، بالخصوص لیبر اور غیر تکنیکی آسامیوں پر مقامی نوجوانوں کی بھرتی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تکنیکی اور مخصوص نوعیت کی آسامیوں کے لیے مطلوبہ قابلیت رکھنے والا مقامی امیدوار دستیاب نہ ہونے کی صورت میں دیگر علاقوں سے باہر افراد کی خدمات حاصل کی جا سکتی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع گوادر میں 70 سے زائد این جی اوز رجسٹرڈ یا فعال ہیں تاہم اجلاس میں محدود تعداد میں نمائندگان کی شرکت ہوئی۔ انہوں نے غیر حاضر تنظیموں کو ہدایت کی کہ وہ تین روز کے اندر ڈپٹی کمشنر آفس سے رابطہ کر کے اپنی سرگرمیوں، رجسٹریشن اور دیگر ضروری کوائف پیش کریں، بصورت دیگر متعلقہ قواعد و ضوابط کے تحت ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ این جی اوز کی کارکردگی کا معیار صرف اجلاسوں یا دعووں سے نہیں بلکہ زمینی سطح پر عوام کو پہنچنے والے حقیقی فوائد سے متعین ہوگا۔ ایسے منصوبوں کی حوصلہ افزائی کی جائے گی جن کے نتائج قابل پیمائش ہوں اور جن سے مقامی آبادی کو براہ راست فائدہ حاصل ہو۔ اجلاس میں این جی اوز کو اپنی خالی آسامیوں، [illegible]، رجسٹریشن دستاویزات، جاری و مکمل منصوبوں، بجٹ، فنڈنگ ذرائع، ڈونرز، آڈٹ اکاؤنٹس، منصوبوں کے اثرات اور پائیداری سمیت دیگر متعلقہ معلومات ضلعی انتظامیہ کے ساتھ شیئر کرنے کی ہدایت بھی کی گئی۔

## زیارت واقعہ کی تحقیقات کیلئے جسٹس عامر نواز رانا کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن قائم

**سیکیورٹی خامیوں اور پولیس اہلکاروں کی شہادت کے اسباب کا تعین اور مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیا جائیگا، 28 اگست تک بیانات و شواہد جمع کرائے جاسکیں گے، صوبائی حکومت**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر / نیوز ایجنسیاں) حکومت بلوچستان نے زیارت کے ماڑی ایم پمپنگ اسٹیشن پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شفاف تحقیقات کے لیے عدالتی انکوائری کا آغاز کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں جسٹس محمد عامر نواز رانا پر مشتمل انکوائری کمیشن قائم کرتے ہوئے باقاعدہ نوٹس جاری کر دیا گیا۔ جاری نوٹس کے مطابق انکوائری کمیشن، ماڑی ایم پمپنگ اسٹیشن پر پیش آنے والے واقعے کے دوران سیکیورٹی انتظامات میں ممکنہ خامیوں، غفلت اور

بقیہ نمبر 62 صفحہ 5 پر

پولیس اہلکاروں کی شہادت کے اسباب کا تعین کرے گا، جبکہ واقعے سے متعلق دیگر اہم پہلوؤں کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ حکومت بلوچستان نے واقعے سے متعلق معلومات، شواہد یا کسی بھی قسم کی متعلقہ شہادت رکھنے والے شہریوں سے کہا ہے کہ وہ 28 اگست 2026 تک انکوائری کمیشن کے روبرو اپنے بیانات ریکارڈ کرا سکتے ہیں۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے لواحقین سمیت دیگر متعلقہ افراد کو بھی بیانات پیش کرنے اور شواہد جمع کروانے کی مکمل سہولت فراہم کی جائے گی۔ کمیشن کے روبرو پیش ہونے کے خواہشمند افراد مزید رہنمائی کے لیے بلوچستان ہائیکورٹ میں رجسٹرار کمیشن ملک شعیب سلطان کے دفتر سے رجوع کر سکتے ہیں۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان ریونیو اتھارٹی کی صوبے بھر میں سیلز ٹیکس نفاذ کی مہم مزید تیز

**قابل ٹیکس خدمات فراہم کرنے والوں کیلئے رجسٹریشن ایک قانونی تقاضا ہے، حکام**

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (بی آر اے) نے بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 (بی ایس ٹی ایس ایکٹ) پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے صوبے بھر میں اپنی نفاذی مہم مزید تیز کر دی ہے۔ قانون کے تحت بلوچستان میں کسی دفتر یا کاروباری مقام سے قابل ٹیکس خدمات فراہم کرنے والے افراد کیلئے اتھارٹی کے ساتھ رجسٹریشن ........

بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

کرانا ضروری ہے۔ ان رجسٹرڈ افراد کے خلاف بھی قانونی کارروائی شروع کی جا رہی ہے جو مقررہ مدت کے اندر اپنی مقررہ ٹیکس ریٹرنز جمع نہیں کراتے اور اپنی ٹیکس ادائیگیاں پوری نہیں کرتے۔ بی آر اے نے تمام قابل ٹیکس خدمات فراہم کرنے والوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ جرمانوں، ایڈیشنل سرچارج اور دیگر قانونی نتائج سے بچنے کیلئے رضاکارانہ طور پر قانون کی پابندی کریں۔ اتھارٹی نے مزید واضح کیا ہے کہ قابل ٹیکس خدمات فراہم کرنے والوں کیلئے رجسٹریشن ایک قانونی تقاضا ہے، جبکہ ٹیکس ریٹرنز مقررہ نظام کے ذریعے الیکٹرانک طریقے سے جمع کرانا ضروری ہے۔

## بلوچستان حکومت کا کم آمدن افراد کو بلا سود قرضوں کی فراہمی کا فیصلہ

**حکومت نے اخوت کے اشتراک سے 3 پروگرامز کا آغاز کر دیا، سیکرٹری خزانہ**

**صوبے کے تقریباً 3733 خاندان مستفید ہوں گے، جہانگیر کاکڑ کی بات چیت**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کم آمدنی والے گھرانوں، نوجوانوں اور چھوٹے کاروباری اداروں کو صوبائی حکومت نے اخوت کے ذریعے بلا سود قرضے دینے کا فیصلہ کرلیا ہے، مالی معاونت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم مختص کی گئی ہے۔ یہ بات سیکرٹری خزانہ بلوچستان جہانگیر کاکڑ نے [illegible] کو بتائی۔ جہانگیر کاکڑ نے بتایا کہ بلوچستان حکومت ......

بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

نے اخوت کے اشتراک اسلامک مائیکروفنانس کے اشتراک سے صوبے میں بلا سود مالی معاونت کے تین بڑے پروگراموں کا آغاز کر دیا ہے، مالی معاونت کے اقدامات کے لیے 6 ارب کی رقم رکھی گئی ہے۔ سیکرٹری خزانہ نے بتایا کہ بلا سود مالی معاونت پروگرام کے تحت لائیو اسٹاک، ماہی گیری، [illegible] اور دیگر چھوٹے کاروباری شعبوں کیلئے 5 لاکھ تک بلا سود قرضے دیے جائیں گے جس کی واپسی پانچ سال میں ہوگی، ”اپنا گھر“ یا اضافی کمروں کی تعمیر کیلئے 20 لاکھ روپے کا بلا سود قرضہ دیا جائے گا، قرضے کی واپسی کی مدت دس برس ہوگی جس سے تقریباً 3733 خاندان مستفید ہوں گے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 AUG 2025 Page No. 4


# شہدائے زیارت کی عظیم قربانی نے عوام کو ایک پلیٹ فارم پر متحد کیا، آل پارٹیز

شہداء کے لواحقین کو انصاف کی فراہمی اور جائز مطالبات کی منظوری تک جدوجہد جاری رکھی جائے گی، جمعیت، پشتونخوامیپ، اے این پی

حکومت لواحقین اور آل پارٹیز کے ساتھ کئے معاہدے پر فوری عملدرآمد یقینی بنائے، پشتونخوانیپ، پی ٹی آئی، پی ٹی ایم، این ڈی ایم

شہداء زیارت کے چہلم کے موقع پر ریلی و جلسہ، متفقہ قرارداد میں پیش شرکاء کے مطالبات کے حق میں پرجوش نعرے

زیارت (یو این اے) دہرہ مینی زیارت اور آل پارٹیز زیارت کے زیر اہتمام شہداء زیارت کے چہلم کے موقع پر زیارت بازار میں ایک عظیم الشان ریلی نکالی گئی، جو شہر کی مختلف شاہراہوں سے ہوتی ہوئی حنذی سرپازہ پہنچ کر بڑے جلسہ عام میں تبدیل ہوگئی جلسے کی صدارت جمعیت علماء اسلام کے ضلعی امیر مولانا نورالحق نے کی جلسے سے پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات محمد عیسیٰ روشان، پشتون تحفظ موومنٹ کے صوبائی کوآرڈینیٹر نور باچا، جمعیت علماء اسلام کے صوبائی ترجمان دلاور خان کاکڑ، نیشنل ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی صدر احمد جان خان، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی رہنماء سردار اکبر خان ترین، سردار حبیب الرحمان دمڑ، سردار قاسم خان سارنگزئی، سردار فرید اللہ دمڑ، حاجی عبدالفیاض، مولانا عصمت اللہ سالم، جمیل پشتون، صاحبزادہ حبیب اللہ، سردارزادہ عیسیٰ خان، محمد رحیم پانیزئی، نصیب اللہ کاکڑ، سرور شیوزئی، حاجی عبدالعزیز، مولوی شریف اور پارالدین کاکڑ سمیت دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا، جبکہ ڈاکٹر عبدالصمد پانیزئی نے جلسے میں متفقہ قرارداد پیش کیں مقررین نے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ شہداء زیارت کی عظیم قربانی نے تمام سیاسی جماعتوں، قبائلی عمائدین اور عوام کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد کیا ہے انہوں نے کہا کہ شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا

# قومی شاہراہوں پر قتل، بدامنی، ڈکیتی کی وارداتیں بڑھتی جارہی ہیں، جمعیت نظریاتی

حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی جو انتہائی افسوسناک امر ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

مال بردار گاڑیوں ومسافروں کی ذمہ داری حکومت کی ہے لیکن وہ یہ مسئلہ سنجیدہ نہیں لے رہی، مولانا محمود الحسن قاسمی، سید عبدالستار شاہ چشتی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے قائمقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ ودیگر نے بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر مسافر بسوں، تجارتی وکاروباری حلقوں کے سامان سے لوڈ گاڑیوں کو لوٹنے ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

مسافروں سے گاڑیاں چھیننے کی بڑھتی ہوئی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی قومی شاہراہوں پر قتل، بدامنی، ڈکیتی اور جرائم کی وارداتیں معمول بن چکی ہیں حکومت امن وامان کے قیام میں مکمل طور پر ناکام ہوچکی ہے جو افسوسناک امر ہے بڑھتے واقعات نے عوام کو تشویش میں مبتلا کر دیا انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر مال بردار گاڑیوں ومسافروں کی ذمہ داری حکومت کی ہے لیکن حکومت یہ مسئلہ سنجیدہ نہیں لے رہی انہوں نے کہا کہ قومی شاہراہوں پر شہریوں کا تحفظ یقینی بنانا ریاست کی اولین ذمہ داری ہے۔ بدامنی کے باعث تاجر، ٹرانسپورٹر طبقہ صوبے کی اندرونی اضلاع میں تجارتی معاملات کی نقل وحرکت سے انکاری ہیں شاہراہیں غیر محفوظ وحکومتی انتظامی اداروں کے قابو سے باہر ہیں حکومت نے تاجروں اور ٹرانسپورٹروں کو ڈاکوؤں اور دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا انہوں نے کہا کہ پورے صوبے میں کہیں بھی حکومتی رٹ دکھائی نہیں دے رہی قومی شاہراہوں اور تمام اضلاع میں بدامنی کے باعث عوام محفوظ نہیں۔

# امن کے قیام کیلئے سیاسی قوتوں کے درمیان رابطوں کا عمل جاری رہنا چاہیے، نوابزادہ جمال رئیسانی

عوام کو درپیش مسائل کے حل، صوبے کی ترقی اور امن واستحکام کیلئے موثر سیاسی کردار ادا کرنا ناگزیر ہے، میر شفیق الرحمان مینگل

امن وامان کا قیام بنیادی اہمیت رکھتا، عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے سیاسی وانتظامی سطح پر مربوط کوششوں کی ضرورت ہے، رکن اسمبلی

پی پی پی کے رہنماؤں کی ملاقات میں سیاسی صورتحال کے تناظر میں باہمی مشاورت پر زور، موقع پر میر فرید خان رئیسانی بھی موجود

اسلام آباد/کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے پیپلز پارٹی کے رہنماء میر فرید خان رئیسانی کے ہمراہ پیپلز پارٹی کے رہنماء میر شفیق الرحمان مینگل سے اہم ملاقات کی، جس میں بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور، امن وامان اور سیکیورٹی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران بلوچستان میں جاری سیاسی سرگرمیوں، صوبے کو درپیش مختلف چیلنجز اور عوامی مسائل سمیت مستقبل کے سیاسی منظرنامے پر بھی گفتگو ہوئی رہنماؤں نے اس امر پر تبادلہ خیال کیا کہ بلوچستان میں سیاسی استحکام، امن وامان اور عوامی مسائل کے حل کیلئے سیاسی قوتوں کے درمیان رابطوں اور مشاورت کا عمل جاری رہنا چاہئے نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی اور میر شفیق الرحمان مینگل ......... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

نے بلوچستان کی مجموعی صورتحال پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے صوبے میں امن واستحکام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔ ملاقات میں سیکیورٹی کی صورتحال اور مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل کے حوالے سے بھی گفتگو کی گئی یو این اے کے مطابق ملاقات میں بلوچستان کے سیاسی حالات اور آنے والے دنوں میں سیاسی سطح پر ہونے والی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا شرکاء نے صوبے میں سیاسی عمل کو مضبوط بنانے، عوامی رابطوں میں اضافے اور بلوچستان کے مسائل کو موثر انداز میں اجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی گفتگو کی ملاقات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماؤں کے درمیان باہمی رابطوں، سیاسی معاملات اور بلوچستان میں پارٹی کی سرگرمیوں کے حوالے سے بھی مختلف امور زیر بحث آئے۔ رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ بلوچستان کے عوام کو درپیش مسائل کے حل اور صوبے کی ترقی کیلئے موثر سیاسی کردار ادا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے اس موقع پر ڈی پی ڈی ایم اے جہانزیب خان اور جھالاوان عوامی پینل کے رہنماء میر ندیم بلوچ بھی موجود تھے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 5

# پشتون قومی جرگہ سے پشتونخوا وطن کے عوام کی امیدیں وابستہ ہیں، پشتونخوا میپ

جرگہ میں قوم اور وطن کے روشن مستقبل کیلئے اجتماعی دانش کے تحت حکمت عملی اپنائی جائے گی' کبیر افغان، ملک عمر کاکڑ

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر لوٹ مار کا سلسلہ جاری' حکومت عوام کو تحفظ دینے میں مکمل ناکام ہوچکی' اجلاس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر وضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا کی زیر صدارت پشتون قومی جرگہ منعقدہ کوئٹہ کیتیاریوں کے سلسلے میں اجلاس پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں 30،31 اور یکم ستمبر 2026 کو کوئٹہ میں ہونے والے جرگہ کی تمام تیاریوں کا جائزہ لیا گیا اور اس سلسلے میں تشکیل دی گئی کمیٹیوں کو اپنی ذمہ داریاں سونپی گئیں ......... بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

اجلاس میں صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی آفس سیکرٹری ملک عمر کاکڑ، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری حضرت عمر ایڈووکیٹ، صوبائی رابطہ سیکرٹری گل مکی، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ اور ملک یاسین بازئی نے شرکت کی اجلاس میں جنوبی پشتونخوا کے عوام کے قومی جرگہ کو کوئٹہ میں انعقاد کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے اس جرگہ سے ہمارے پشتونخوا وطن کے تمام عوام کی امیدیں وابستہ ہیں اور جرگہ ان کی ملی ارمانوں کی تکمیل اور اپنے قوم اور وطن کے روشن مستقبل کیلئے اجتماعی دانش کے تحت حکمت عملی طے کی جائے گی اجلاس میں کہا گیا کہ موجودہ سنگین صورتحال میں پشتون عوام کا نہ صرف معاشی قتل عام بلکہ نسل کشی بھی جاری ہے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کوئٹہ کراچی شاہراہ پر پشتون عوام کی گاڑیوں کو چھینے، بھتہ خوری، ٹرکوں، گاڑیوں سے لاکھوں روپے بھتہ لینے، گاڑیوں کے چوری کرنے، لوگوں کو اغواء کرکے بھتہ کے عوض رہائی، باغات، زمینداروں سے بھتہ لینے کے واقعات، گاڑیوں، کوچز پر فائرنگ مالی وجانی نقصانات پہنچانے کے واقعات دن دہاڑے سرعام جاری ہیں اور حکومت اور قانون نافذ کرنیوالے ادارے عوام کو سر ومال کی تحفظ دینے میں مکمل طور پر ناکام ہوچکے ہیں جبکہ کوئٹہ کے ریڈ زون کے علاوہ کہیں بھی امن وامان باقی نہیں رہا شہریوں کے سرومال کو سنگین خطرات لاحق ہوچکے ہیں

# دہشتگردی کوئی آسمانی آفت نہیں غلط فیصلوں سے مسلط ہوئی، مقررین

پالیسیوں میں بنیادی انسانی حقوق اور عوام کی جان ومال کے تحفظ کو ترجیح نہیں دی گئی، جس سے فلاحی ریاست کا خواب چکنا چور ہوا

وفاقی وصوبائی حکومتیں پشتونوں اور بلوچوں کیساتھ ناروا سلوک اور [illegible] کا نوٹس لیں، [illegible] ودیگر کا ریفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سی رپورٹر) عوامی نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام کوئٹہ پریس کلب میں شہدائے 8 اگست کی یاد میں ریفرنس ہوا جس سے خطاب کرتے ہوئے سیاسی جماعتوں ........ بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ سیاست صحافت اور میڈیا کو زیر عتاب لانے کی ہر کوشش کی بھرپور مزاحمت کی جائے گی پشتونخوا اور بلوچستان کے وسائل پر قبضے اور انہیں آخری حد تک ہڑپ کرنے کیلئے انتظامی بنیادوں پر نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑا جا رہا ہے ایسے حساس معاملات پر غیر سیاسی اور غیر متعلق افراد کے ذریعے رائے عامہ کو گمراہ کرنے کی کوشش کسی صورت قابل قبول نہیں آج بلوچستان اور پشتونخوا کے اقوام کو تقسیم در تقسیم کی سیاست کا سامنا ہے جب ہمارے اکابرین متحد ہو کر جدوجہد کر رہے تھے تو مخالف قوتیں ان کے بال تک بیکا نہیں کر سکتی تھیں مگر آج ہماری باہمی تقسیم کا فائدہ انہی قوتوں کو پہنچ رہا ہے سوراب کوئٹہ زیارت تک پشتون، بلوچ ہزارہ اقوام کا لہو بہہ رہا ہے

# عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل حل ہو سکتے ہیں، مولانا ہدایت الرحمن

صوبے بھر میں جماعت اسلامی کی پارلیمانی، فلاحی، دینی سیاسی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں' صوبائی امیر

جماعت اسلامی عوام کے درمیان رہ کران کے مسائل کے حل کی کوشش کر رہی ہے' رکن صوبائی اسمبلی کا گوادر میں اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ عوام ساتھ دیں تو بلوچستان کے مسائل جماعت اسلامی کے پلیٹ فارم سے حل ہو سکتے ہیں پورے بلوچستان میں جماعت اسلامی کی پارلیمانی، فلاحی، دینی سیاسی خدمات روز روشن کی طرح عیاں ہیں بلوچستان کو نو گو ایریا اور شاہراہوں عوام کو غیر محفوظ بنا دیا گیا ہے بھارت افغانستان کو الزام دے کر حکومت بری الذمہ نہیں ہو سکتی جگہ جگہ لاپتہ، شاہراہیں غیر محفوظ، تجارت بارڈر بند، عوام آب گیس بجلی پانی تعلیم وروزگار کی بجائے جان ومال کی حفاظت کیلئے پریشان ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گوادر میں جماعت اسلامی گوادر کے اجتماع ارکان سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں تنظیمی استحکام، عوامی مسائل اور تعلیمی نظام پر اہم مشاورت ہوئی۔ ........ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

جماعت اسلامی ضلع گوادر کے ارکان کا اہم اجتماع امیر جماعت اسلامی ضلع گوادر سعید احمد بلوچ کی زیر صدارت دار العلوم پبلک اسکول گوادر میں منعقد ہوا جس میں امیر جماعت اسلامی بلوچستان و ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان صاحب نے خصوصی شرکت کی جبکہ ضلع بھر سے کثیر تعداد میں ارکان نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا ہدایت الرحمان نے گوادر میں اپنی ڈھائی سالہ سیاسی و عوامی کارکردگی پیش کی اور ضلع کی مجموعی سیاسی و عوامی صورتحال کے حوالے سے ارکان سے تفصیلی گفتگو کی۔ اجلاس میں جماعت اسلامی ضلع گوادر کی تنظیم کو مزید مضبوط، فعال اور مؤثر بنانے کیلئے تفصیلی مشاورت کی گئی اور تنظیمی امور کے حوالے سے اہم ہدایات بھی دی گئیں۔ اس موقع پر دار العلوم پبلک اسکول گوادر کی کارکردگی کو مزید بہتر بنانے، تعلیمی نظام کو مضبوط اور مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو ہوئی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 18 AUG 2026 Page No. 6

# سیکیورٹی فورسز کا زیارت اور ہرنائی کے سرحدی علاقے میں کامیاب آپریشن، 4 دہشتگرد ہلاک

**دہشت گردوں کی مصدقہ موجودگی کے بعد سیکیورٹی فورسز نے ان کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیکر موثر انداز میں نشانہ بنایا**

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) سیکیورٹی فورسز نے زیارت اور ہرنائی کے سرحدی علاقے میں کامیاب انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن، 4 دہشت گردوں کی ہلاکت کی تصدیق۔ خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر زیارت اور ہرنائی کے درمیان پہاڑی علاقے میں دہشت گردوں کی موجودگی پر سیکیورٹی فورسز نے انٹیلیجنس بیسڈ آپریشن پلان کیا۔ نگرانی کے دوران ایک متروکہ مکان میں 3 سے 4 دہشت گردوں کی موجودگی کی تصدیق ہوئی۔ سیکیورٹی ذرائع دہشت گردوں کی مصدقہ موجودگی کے بعد سیکیورٹی فورسز نے ان کے ٹھکانے کو گھیرے میں لیکر موثر انداز میں نشانہ بنایا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی میں 4 دہشت گردوں کی ہلاکت کی تصدیق ہو گئی ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق علاقے میں سرچ آپریشن اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی فورسز کی جانب سے علاقے میں دہشت گرد عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔

## بسیمہ میں ٹارگٹڈ آپریشن، 2 دہشت گرد ہلاک، تین زخمی

**ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈیز تیار کرنے کا سامان برآمد کرلیا گیا**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سیکیورٹی فورسز نے قلی ڈوائیک میں ٹارگٹڈ آپریشن میں 2 دہشت گردوں کو ہلاک تین کو زخمی کر دیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے ٹارگٹڈ آپریشن کرتے ہوئے بسیمہ کیمپ سے 12 کلومیٹر شمال میں قلی ڈوائیک اور قلی کے درمیان میں 2 دہشت گردوں کو ہلاک جبکہ 3 دہشت گرد زخمی کر دیئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ آپریشن کے دوران دہشت گردوں کے قبضے سے ایمونیشن، میگزین، دستی بم اور آئی ای ڈیز تیار کرنے کا سامان بھی برآمد کیا گیا۔

## دشت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دشت میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے ایک شخص کو ہلاک کر دیا۔ پولیس کے مطابق دشت کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کرکے شریف کو ہلاک کر دیا اور فرار ہوگئے۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال منتقل کیا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی۔

## خاران میں کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) خاران میں نامعلوم افراد کی کوچ پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس کے مطابق کوئٹہ سے خاران جانے والے مسافر بس پر چلتن کے مقام پر گزشتہ روز نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں ایک مسافر عبدالرؤف زخمی ہوگیا۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکیورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## مشرقی بائی پاس کی دکان پر مسلح افراد کی فائرنگ، ایک شخص زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس پر مسلح افراد نے دکان پر فائرنگ کرکے ایک شخص کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر نامعلوم ملزمان نے دکان پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دکاندار زخمی ہوگیا۔ زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## دالبندین: مسلح افراد نے ایک ٹرک نذر آتش کر دیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) دالبندین این-40 پر مسلح افراد نے ایک ٹرک نذر آتش کر دیا۔ پولیس واقعے کے مطابق کوئٹہ سے دالبندین آنے والے ایک ٹرک کو چوک، چاہ سر کے علاقے میں این-40 پر مسلح افراد نے آگ لگا کر نذر آتش کر دیا جس کے نتیجے میں ٹرک مکمل طور پر جل گیا۔ ٹرک سامان سے بھرا ہوا تھا تاہم سامان کی نوعیت کی تصدیق نہیں ہو سکی۔ واقعے کی مزید تحقیقات مقامی انتظامیہ کر رہی ہے۔

## قلات ٹول پلازہ کے قریب ڈاکوؤں کی کوچ پر فائرنگ، مسافروں سے لوٹ مار

**تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے، واقعے کیخلاف مسافروں اور ٹرانسپورٹرز کا روڈ بلاک احتجاج**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) قلات ٹول پلازہ کے قریب مسلح ڈاکوؤں نے کوچ پر فائرنگ کردی مسافروں سے موبائل فون، نقدی اور دیگر قیمتی سامان لوٹ کر فرار ہوگئے مسافر کوچ لوٹنے کے خلاف کیلئے خلاف کوچ مالکان اور مسافروں کا احتجاج، کوئٹہ کراچی شاہراہ بلاک کر دی بعد میں وہاں پر احتجاج ختم کر دیا۔ پولیس کے مطابق گزشتہ روز قلات ٹول پلازہ کے قریب نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے کوچ پر فائرنگ کردی کوچ میں سوار تمام مسافر معجزانہ طور پر محفوظ رہے ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر کوچ کو روک کر مسافروں سے موبائل فونز، نقدی اور قیمتی سامان لوٹ لیا اور فرار ہوگئے۔ واقعہ کے خلاف ٹرانسپورٹروں اور مسافروں نے روڈ بلاک کرکے احتجاج کیا پولیس نے ٹرانسپورٹروں سے مذاکرات کئے اور بعد میں وہاں پر احتجاج ختم کر دیا اور ٹریفک کی آمدورفت کے لئے کھول دیا۔

## متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت شروع نہیں ہو سکی، گیس حکام کو سیکیورٹی کلیئرنس کا انتظار

**12 اگست دھماکے سے 18 انچ قطر کی گیس لائن متاثر ہوئی تھی، متعدد شہروں کو گیس کی فراہمی معطل ہے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مچھ کے علاقے اماذار کے قریب دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام 5 روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو سکا۔ سوئی سدرن گیس کمپنی حکام کے مطابق مچھ کے علاقے اماذار میں 12 اگست کو 18 انچ قطر کی سوئی گیس پائپ لائن دھماکے سے متاثر ہوئی تھی۔ حکام کے مطابق متاثرہ پائپ لائن کی مرمت کے لیے ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ابھی تک سیکیورٹی کلیئرنس نہیں ملی ہے جس کی وجہ سے دھماکے سے متاثرہ گیس پائپ لائن کی مرمت کا کام پانچ روز گزرنے کے باوجود شروع نہیں ہو سکا۔ مستونگ، قلات، پشین، زیارت اور کچھ کو گیس کی فراہمی معطل ہونے اور کوئٹہ کے علاقوں سریاب، شرقی بائی پاس اور کچلاک میں پریشر میں کمی اور بندش سے شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## کوئٹہ کی اہم شاہراہیں تاریکی میں ڈوب گئیں، شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا

**جناح روڈ اور شارع اقبال سمیت مختلف سڑکوں کی سٹریٹ لائٹس خراب، انتظامیہ کی نااہلی کا نوٹس لیا جائے**

**خراب سٹریٹ لائٹس کا ہنگامی سروے کر کے فوری بحال کیا جائے، مختلف علاقوں کے مکینوں کا سیکرٹری لوکل گورنمنٹ سے مطالبہ**

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے اہم علاقوں جناح روڈ، شارع اقبال سمیت مختلف شاہراہوں اور سڑکوں پر سٹریٹ لائٹس کی خرابی کے باعث رات کے اوقات میں شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ اہم اور معروف شاہراہوں پر اندھیرا شہریوں کی سلامتی کے حوالے سے بھی سنگین خدشات پیدا کر رہا ہے۔ شہریوں کے مطابق شہر کی متعدد سڑکوں اور گلیوں میں طویل عرصے سے سٹریٹ لائٹس خراب پڑی ہیں، جس کے باعث رات کے وقت پیدل چلنے والوں، خواتین، بزرگوں اور موٹر سائیکل سواروں کو مشکلات پیش آتی ہیں۔ اندھیری شاہراہوں کے باعث ٹریفک حادثات کے خطرات میں بھی اضافہ ہو رہا ہے، جبکہ شہری خود کو غیر محفوظ محسوس کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کی اہم شاہراہوں کا یہ حال انتظامیہ کی کارکردگی پر بھی سوالیہ نشان ہے۔ لاکھوں روپے کے ترقیاتی منصوبوں کے دعووں کے باوجود اگر شہر کی بنیادی سہولت یعنی سٹریٹ لائٹس ہی فعال نہیں تو عوام کو درپیش مسائل کا ذمہ دار کون ہے؟ جناح روڈ اور شارع اقبال جیسے مرکزی علاقوں میں سٹریٹ لائٹس کی خرابی خصوصاً تشویشناک ہے، کیونکہ ان شاہراہوں پر دن رات شہریوں کی بڑی تعداد آمدورفت کرتی ہے۔ رات کے وقت روشنی کا مناسب انتظام نہ ہونے سے نہ صرف شہریوں کو پریشانی کا سامنا ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر کو بھی فائدہ اٹھانے کا موقع مل سکتا ہے۔ شہری حلقوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان، ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کا فوری اور سخت نوٹس لیا جائے، شہر بھر کی خراب سٹریٹ لائٹس کا ہنگامی بنیادوں پر سروے کرایا جائے اور انہیں فوری طور پر فعال کیا جائے۔ شہریوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر اہم شاہراہوں اور رہائشی علاقوں میں روشنی کا نظام فوری طور پر بحال نہ کیا گیا تو عوامی مشکلات میں مزید اضافہ ہوگا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صرف کاغذی کارروائی کے بجائے عملی اقدامات کرتے ہوئے سٹریٹ لائٹس کی مستقل بنیادوں پر دیکھ بھال اور مرمت کا مؤثر نظام بھی وضع کیا جائے۔ کوئٹہ کے شہریوں کا دوٹوک مطالبہ ہے کہ صوبائی دارالحکومت کو تاریکی کے رحم و کرم پر چھوڑنے کے بجائے متعلقہ ادارے فوری حرکت میں آئیں اور شہر کی اہم شاہراہوں کو روشن اور محفوظ بنایا جائے۔

### کوئٹہ میں سڑکیں خستہ حال، زندگی مشکل تر

کوئٹہ (اے این این) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں اکثر سڑکوں کی خستہ حالی اور ٹوٹ پھوٹ نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، شہر کے بیشتر علاقوں میں گڑھوں، کھلے مین ہولز اور ٹوٹی ہوئی سڑکوں کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر ہو رہی ہے، جب کہ حادثات اور گاڑیوں کو نقصان پہنچنے کے واقعات میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں سڑکیں جگہ جگہ سے اکھڑی ہوئی ہیں، جس کی وجہ سے عوام کو آمدورفت میں سخت دشواری کا سامنا ہے۔ بارش کے دنوں میں یہ گڑھے پانی سے بھر جاتے ہیں، جو مزید خطرناک صورت اختیار کر لیتے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ گزشتہ کئی ماہ سے سڑکوں کی مرمت کا کوئی مؤثر اقدام نہیں کیا گیا، روز گاڑیوں کی مرمت پر خرچہ آتا ہے، لیکن حکومت خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے۔ عوامی حلقوں اور شہری

INTEKHAB QUETTA

## خضدار کا 13 سال قبل منظور گیس پلانٹ تاحال التوا کا شکار

**سیاسی و عوامی حلقوں کا احتجاج بھی رنگ نہ لایا، صوبائی حکومت سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار کے لیے منظور کیا گیا 100 کیوبک گیس پلانٹ 13 سال گزرنے کے باوجود فعال نہ ہو سکا، جس کے باعث عوام کو قدرتی گیس کی سہولت سے محرومی کا سامنا ہے۔ عوامی و سیاسی حلقوں کے مطابق گیس پلانٹ کے لیے خضدار کے علاقے سنی میں جگہ بھی مختص کی گئی تھی، جبکہ 5 مارچ 2017 کو اس کی منظوری اور افتتاح میں تاخیر کے خلاف تاریخی ریلی بھی نکالی گئی۔ بقیہ نمبر 17 صفحہ 5 پر

بعد ازاں قوم پرست جماعت کے کارکنوں نے تین روزہ بھوک ہڑتالی کیمپ بھی قائم کیا، جہاں انتظامیہ نے منظور شدہ منصوبے کی جلد تکمیل کی یقین دہانی کرائی تھی۔ تاہم کئی سال گزرنے کے باوجود منصوبے پر عملی کام شروع نہ ہو سکا۔ عوامی حلقوں نے الزام عائد کیا کہ سیاسی نمائندگان کی عدم توجہی اور کریڈٹ لینے کی سیاست کے باعث خضدار کے عوام گیس کی بنیادی سہولت سے محروم ہو رہے ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان، کمشنر قلات اور ڈپٹی کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا کہ منظور شدہ گیس پلانٹ کا فوری افتتاح یقینی بنا کر منصوبے پر عملی کام شروع کرایا جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 5 Dated: 18 AUG 2026 Page No. 8


## سریاب وملحقہ علاقوں میں گیس بحالی کا مطالبہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام مشرو یونٹ اختر آباد کے ترجمان نے کہا ہے کہ اختر آباد سمیت مکمل سریاب کے مختلف علاقوں میں گزشتہ پانچ روز سے گیس کی فراہمی مکمل طور پر معطل ہے، جس کے باعث ہزاروں شہری شدید مشکلات اور اذیت سے دوچار ہیں۔ مسلسل گیس بندش نے گھریلو صارفین کی زندگی اجیرن بنا دی ہے، جبکہ خواتین، بزرگوں اور بچوں سمیت ہر طبقہ اس صورتحال سے متاثر ہو رہا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ گیس کی مسلسل بندش کے باعث شہری مہنگے داموں سلنڈر اور دیگر متبادل ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہیں۔ ایک طرف مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ رکھی ہے، تو دوسری جانب بنیادی ضرورت کی گیس کی مسلسل بندش نے عوام کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ ترجمان نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پانچ روز گزرنے کے باوجود متعلقہ گیس حکام اور ضلعی انتظامیہ کی جانب سے مسئلے کے مستقل حل کے لیے کوئی موثر اور عملی اقدام نظر نہیں آ رہا شہری پہلے ہی مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں

## جناح روڈ پر منشیات کے عادی افراد کے ڈیرے بحالی مراکز منتقل کرنے کا مطالبہ

**سٹی تھانے کے احاطے میں منشیات کے عادی افراد کے جمع ہونے اور ہوٹل کے قیام کے الزامات، شفاف تحقیقات اور بحالی مراکز کے قیام کا مطالبہ**

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی مصروف ترین جناح روڈ اور اس سے ملحقہ علاقوں میں منشیات کے عادی افراد کی تعداد میں مبینہ طور پر مسلسل اضافہ دیکھنے میں آ رہا ہے، جس کے باعث شہریوں، تاجروں اور بالخصوص خواتین و بچوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق جناح روڈ کے مختلف مقامات پر منشیات کے عادی افراد کھلے عام موجود رہتے ہیں اور بعض افراد مبینہ طور پر سرعام نشہ کرتے ہوئے بھی دکھائی دیتے ہیں۔ مقامی افراد کا کہنا ہے کہ صورتحال اس حد تک سنگین ہو چکی ہے کہ خواتین بھی سرعام منشیات استعمال کرنے والے افراد میں شامل نظر آتی ہیں۔ شہریوں کے مطابق نشے کی لت میں مبتلا افراد کی موجودگی نہ صرف شہر کے مرکزی علاقوں کے ماحول کو متاثر کر رہی ہے بلکہ عوامی مقامات پر آنے جانے والے شہریوں کے لیے بھی تشویش کا باعث بن رہی ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ جناح روڈ کوئٹہ کا ایک اہم اور مصروف تجارتی و شہری مرکز ہے جہاں روزانہ بڑی تعداد میں لوگ خریداری، کاروباری امور اور دیگر کاموں کے لیے آتے ہیں۔ ایسے میں منشیات کے عادی افراد کا کھلے عام موجود رہنا اور مبینہ طور پر نشہ کرنا شہر کے مجموعی ماحول اور انتظامی نگرانی پر بھی سوالات اٹھا رہا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق منشیات کے عادی افراد کی جانب سے سڑکوں، فٹ پاتھوں اور دیگر عوامی مقامات پر ڈیرے ڈالنے کے باعث کئی شہریوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بعض افراد نشے کی حالت میں سڑکوں کے کنارے بیٹھے یا لیٹے رہتے ہیں، جس سے پیدل چلنے والوں اور کاروباری مراکز میں آنے والے افراد کو بھی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ دوسری جانب شہریوں نے متعلقہ پولیس اور انتظامیہ کی مبینہ خاموشی پر بھی سوالات اٹھائے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ منشیات کے عادی افراد کی موجودگی کے باوجود ان کے خلاف موثر کارروائی دکھائی نہیں دے رہی، جبکہ متعلقہ تھانوں اور پولیس حکام کو متعدد مرتبہ صورتحال سے آگاہ کیے جانے کے باوجود مسئلہ مستقل بنیادوں پر حل نہیں ہو سکا۔ یو این اے کے مطابق کوئٹہ کے سٹی تھانے کے اندر اور اطراف میں بھی منشیات کے عادی افراد کی بڑی تعداد کے جمع ہونے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

## کوہلو افسران کی عدم موجودگی، سائلین کو پریشانی کا سامنا

**کاہان، ماوند اور گرسنی سمیت دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیے، رپورٹ**

کوہلو (نامہ نگار) بلوچستان کے ضلع کوہلو میں اپنے جائے تعیناتی سے ضلعی افسران کی عدم موجودگی عوام کے لیے وبال جان بن گئی، کاہان، ماوند اور گرسنی سمیت دور دراز علاقوں سے آنے والے شہریوں نے ضلعی افسران کی عدم دستیابی اور سرکاری امور میں تاخیر کے حوالے سے شکایات کے انبار لگا دیے۔ تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کوہلو کے مختلف علاقوں سے شہری اپنے مسائل کے حل اور سرکاری امور کی انجام دہی کے لیے ضلعی ہیڈکوارٹر کا رخ کرتے ہیں، تاہم متعدد محکموں کے افسران کی اپنے جائے تعیناتی پر عدم موجودگی کے باعث انہیں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دور دراز علاقوں سے کئی گھنٹوں کا سفر طے کرکے کوہلو پہنچنے کے بعد متعلقہ افسر کی عدم موجودگی کا سامنا کرنا پڑتا ہے، جس سے نہ صرف قیمتی وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ سفری اخراجات بھی برداشت کرنا پڑتے ہیں۔ کاہان، ماوند اور گرسنی سے آنے والے شہریوں نے شکایت کرتے ہوئے کہا کہ سرکاری دفاتر میں افسران کی باقاعدہ موجودگی یقینی بنائی جائے تاکہ عوام کو اپنے جائز مسائل کے حل کے لیے بار بار ضلعی ہیڈکوارٹر کے چکر نہ لگانے پڑیں۔ شہریوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ تمام ضلعی افسران کو اپنی جائے تعیناتی پر حاضری یقینی بنانے کی ہدایت کی جائے اور غفلت کے مرتکب افسران کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی کی جائے، تاکہ عوام کو سرکاری خدمات کے حصول میں درپیش مشکلات کا خاتمہ ہو سکے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 9


## نوشکی میں ماں بیٹی کا قتل ... بلوچستان کو تشدد کے خلاف ایک آواز ہونا ہوگا

[illegible]

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Zamana Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 10

## بلوچستان: خواتین و بچے دہشت گردوں کا نشانہ

بلوچستان کی سیاسی رہنما خواتین نے کہا ہے کہ بی ایل اے عام شہریوں، خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ دہشت گردی کا خاتمہ کرنا ہوگا۔ طالبان رجیم نہ صرف افغانستان میں دہشت گردوں کو وسائل اور سہولیات فراہم کر رہی ہے بلکہ بھارت کے ساتھ مل کر مختلف دہشت گرد تنظیموں کو پاکستان کے خلاف منظم بھی کر رہی ہے [illegible] افغانستان اور بھارت کے ایجنڈے کا انکشاف ہے کہ بھارت کے افغانستان کے راستے پاکستان دشمنوں کے ساتھ [illegible]۔ [illegible] بی ایل اے کی بلوچستان میں [illegible] بی ایل اے اگر بلوچستان کی ترقی اور بلوچ عوام کی خوشحالی کی خواہاں ہوتی تو [illegible] بچوں اور خواتین کا خون [illegible]۔ بلوچستان کی خواتین سیاسی رہنماؤں کا کہنا تھا [illegible] بی ایل اے کا بلوچستان سے کوئی تعلق نہیں [illegible] بلوچستان کا امن تباہ کر رہے ہیں۔ [illegible] حقیقت ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لئے [illegible] آپریشن کے ساتھ ساتھ بلوچ عوام کو [illegible] پروپیگنڈا سے محفوظ رکھنے کے لئے اقدامات کی بھی ضرورت ہے تاکہ دہشت گردوں کو بلوچستان میں سہولت کار میسر نہ ہوں۔ [illegible] بلوچستان میں [illegible] صوبے کا امن بحال اور صوبہ ترقی کرے گا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Times Quetta

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 11

# Food shortage

The deteriorating law and order situation across Balochistan has rapidly evolved from a security challenge into a severe socio economic crisis, leaving vulnerable communities in far-flung towns and rural villages to bear the heaviest burden. Recent escalations of terrorist incidents and criminal violence in different parts of Balochistan have directly targeted supply chains, creating an acute food shortage that threatens daily life across the province. Violent incidents involving the snatching, hijacking, and torching of commercial vehicles have instilled widespread fear within the logistics sector. Distressed freight operators and commercial transporters are increasingly reluctant to dispatch trucks along high-risk highways, severely disrupting the movement of essential commodities to peripheral districts. Regions such as Nushki, Mastung, Surab, and surrounding rural hinterlands are experiencing serious supply shortfalls, causing the prices of basic foodstuffs to surge beyond the reach of ordinary citizens. Due to this situation, the prices of all kind of commodities have increased manifold.

This breakdown in physical security is having a compound impact on the provincial economy. Beyond the immediate threat to food security, the climate of volatility has brought small and medium enterprise sectors to a virtual standstill. Local traders, market vendors, and service providers who form the backbone of Balochistan's informal economy are facing catastrophic operational disruptions. The inability to secure raw materials, receive inventory, or conduct business without fear of extortion or violence has accelerated enterprise closures, pushing unemployment rates higher and worsening generational poverty across a province already facing severe socio-economic marginalization.

The current trajectory is unsustainable and demands an immediate response from both provincial and federal authorities. While tactical security operations remain necessary along major transit arteries, a comprehensive approach is required to restore confidence among supply chain stakeholders.

The government must establish robust, dedicated security escorts and fortified checkpoints along critical freight corridors to protect goods transporters and restore the flow of essential goods. Furthermore, institutional coordination between law enforcement agencies, local district administrations, and transport associations must be strengthened to ensure rapid responses to threats and clear communication channels. If authorities concerned remain unable to secure trade routes and alleviate the growing food shortages, the escalating economic distress will further fuel public disillusionment and deepen the instability plaguing Balochistan.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

6

Daily: MEEZAN QUETTA
18 AUG 2026

Bullet No. No. 12

# ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے کی ہدایت!

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شالی دیرہ بگٹی میں جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ اور متعلقہ حکام کو منصوبوں کی رفتار مزید تیز کرنے، معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ وقت کے اندر تکمیل کی ہدایت کی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اور دیگر ضلعی افسران نے وزیراعلیٰ بلوچستان کو علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوام کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی۔ بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے واضح کیا کہ عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل میں غیر ضروری تاخیر ہرگز برداشت نہ کی جائے۔ موجودہ حکومت نے بلوچستان بھر میں ریکارڈ ترقیاتی منصوبے شروع اور مکمل کئے ہیں جن کا بنیادی مقصد عوام کو ان کی دہلیز پر بنیادی سہولیات کی فراہمی، پسماندگی کا خاتمہ اور ترقی کے ثمرات کو ہر علاقے تک پہنچانا ہے۔ صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر اور معیاری سہولیات کی فراہمی کیلئے صوبائی حکومت اپنے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے۔ اور دور دراز علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ تعلیم معاشرے کی ترقی اور نوجوان نسل کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔ حکومت بلوچستان مستحق اور محروم طبقات کے بچوں کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ نوجوانوں کو کھیلوں کے میدان، صحت مند ماحول اور مثبت سرگرمیوں کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار مزید تیز کرنے، معیار کو یقینی بنانے اور مقررہ وقت کے اندر ان کی تکمیل کی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت بالاشبہ عوام کے مفاد میں اقدام ہے کیونکہ ترقیاتی منصوبے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے بنائے جاتے ہیں تاکہ عوام کی مشکلات کم ہوں اور ان کو سہولتیں میسر ہوں لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں ترقیاتی منصوبے اکثر مقررہ وقت میں مکمل نہیں ہو پاتے جس کے باعث وقت کے ساتھ ساتھ پیسوں کا ضیاع ہوتا ہے جو کہ قومی خزانے پر بوجھ ہے۔ اس لیے عوامی مفاد کے منصوبوں کی تکمیل میں کسی بھی قسم کی تاخیر نہیں ہونی چاہئیے کیونکہ اس سے ان کی افادیت ختم ہو جاتی ہے۔ جہاں تک صحت کے شعبے میں عوام کو بہتر اور معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت کی ترجیحات کے اہم حصہ ہونے کی بات ہے تو اس سلسلے میں بھی حکومت کو اس کو مزید بہتر بنانے اور اس میں پائی جانے والی خامیوں کو دور کر کے اس کو صحیح خطوط پر استوار کرنا چاہئیے۔ گو کہ حکومت اس اہم شعبے کی بہتری کے لیے اقدامات کر رہی ہے لیکن ان میں مزید تیزی لانے کی ذمہ داری ہے کہ وہ عوام کو صحت جیسی دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائے۔ اس کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے محکمہ تعلیم میں کئے جانے والے اصلاحاتی اقدامات کو آگے بڑھانا چاہئیے۔ گو کہ حکومت اس سلسلے میں بھی تعلیم کے شعبے کی ترقی کے لیے کوشاں ہے۔ اب تک صوبے میں ہزاروں بند سکولوں کو فعال کیا جا چکا ہے اور اسی طرح میرٹ پر اساتذہ کی بھرتی بھی کی گئی ہے جو کہ یقیناً اچھا اقدام ہے۔ صوبائی حکومت کو کھیلوں کے میدان میں صوبے کے نوجوانوں کو آگے لانے کے اقدامات کرنے چاہئیں کیونکہ ان میں ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں ہے۔ صوبہ اس سے قبل بھی کئی نامور کھلاڑی پیدا کر چکا ہے۔ اس طرح قومی کھیلوں میں بھی صوبے کے نمائندگی کے لیے اقدامات کرنا ضروری ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan News Quetta

Bullet No. 6 Dated: 18 AUG 2026 Page No. 12


# کور کمانڈر بلوچستان کا دورہ پنجگور اور جشن آزادی کی خوشیاں


شبیر الحق زاہدی


گزشتہ دنوں کور کمانڈر بلوچستان نے پنجگور کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسکل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) کے تحت قائم کیے گئے جناح آئی ٹی ہب، یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام قائم کیے گئے سر سید احمد خان لاج اور تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح کیا۔ جناح آئی ٹی ہب کے قیام کا مقصد پنجگور کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل تعلیم، پیشہ ورانہ مہارتوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کر کے بااختیار بنانا ہے۔ اس آئی ٹی ہب میں 50 جدید کمپیوٹرز پر مشتمل آئی ٹی ہال، ڈیجیٹل لائبریری اور فری لانسرز ہب قائم کیے گئے ہیں، جبکہ تیز رفتار انٹرنیٹ کے ساتھ ای کامرس اور فری لانسنگ کی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہیوی سولر سسٹم بیک اپ بھی موجود ہے، تاکہ نوجوان جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ مزید برآں کور کمانڈر نے یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) (پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام قائم کیے گئے سر سید احمد خان لاج کا بھی افتتاح کیا۔ اس لاج میں طلبہ و طالبات کے لیے علیحدہ اور معیاری تفریحی و کیفے ٹیریا کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جبکہ ساتھ ہی مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے۔ طلبہ کو بہتر اور معیاری ماحول فراہم کرنے کے لیے قائم کیا گیا یہ لاج تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ مثبت اور صحت مند مشاغل کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ اسی دورے کے دوران یونیورسٹی آف مکران میں 120 نشستوں پر مشتمل علامہ اقبال آڈیٹوریم کا بھی افتتاح کیا گیا۔ آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش کے ساتھ جدید فرنیچر اور ساؤنڈ سسٹم بھی فراہم کیا گیا ہے، جس سے یونیورسٹی میں علمی، تعلیمی اور دیگر تقریبات کے انعقاد کے لیے ایک بہتر سہولت میسر آ گئی ہے۔ اس موقع پر کور کمانڈر بلوچستان نے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ڈیجیٹل اسکلز کے حصول پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بدلتے دور کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رہنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے، جبکہ سکیورٹی فورسز کا مقصد علاقے میں پائیدار امن، عوامی خواہشات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد اور بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ مزید یونیورسٹی آف مکران اور ویمن اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر پنجگور کے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے گئے۔ یہ اقدام محنت اور قابلیت کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے ساتھ انہیں جدید تعلیمی وسائل فراہم کرنے کی جانب بھی ایک اہم قدم ہے۔ پنجگور میں ان تعلیمی اور ڈیجیٹل سہولیات کے افتتاح کے بعد جنوبی بلوچستان میں 79 ویں یوم آزادی کی تقریبات کا ذکر بھی ایک خوبصورت قومی منظر پیش کرتا ہے۔ جنوبی بلوچستان بھر میں یوم آزادی انتہائی عقیدت، جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منایا گیا۔ ہیڈکوارٹر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) (تربت اور ڈپٹی کمشنر آفس کیچ میں پرچم کشائی کی پروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جبکہ مرکزی تقریب تربت آڈیٹوریم میں ہوئی۔ اس تقریب میں سیاست دانوں، علاقائی عمائدین، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ طلبہ نے ولولہ انگیز تقاریر، ٹیبلو، ملی نغموں اور آرٹ نمائش کے ذریعے پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ ان سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت نے جشن آزادی کی تقریبات کو مزید خوبصورت بنا دیا۔ جشن آزادی کی مناسبت سے تربت شہر میں ایک شاندار ریلی بھی نکالی گئی جس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ شرکا نے ہاتھوں میں پاکستان کے پرچم تھام رکھے تھے، جبکہ شہریوں نے اپنی گاڑیوں پر بھی پرچم آویزاں کیے ہوئے تھے۔ ریلی کے شرکا نے وطن عزیز سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے اس کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ جنوبی بلوچستان کے دیگر علاقوں، بشمول دشت، خاران، ماشکیل، ہوشاپ، پنجگور، بلیدہ، مند، حب، دالبندین اور گلستان میں بھی یوم آزادی کی مناسبت سے رنگا رنگ تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ شہریوں نے قومی پرچم ہاتھوں میں تھامے، مختلف پروگراموں میں شرکت کی اور وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ مختلف علاقوں میں کرکٹ، فٹ بال اور کھیلوں کے مقابلے بھی منعقد ہوئے جن میں نوجوانوں نے بھرپور جوش و خروش سے حصہ لیا۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے اہم ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت اور مثبت مسابقت کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔ قومی دن کے موقع پر کھیلوں کے انعقاد سے یہ امر بھی نمایاں ہوا ہے کہ نوجوان نسل کو تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں سے جوڑنے کی کوششیں کا اہم حصہ ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں 79 ویں یوم آزادی کی تقریبات نے قومی جذبے، امن اور حب الوطنی کی بھرپور عکاسی کی۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔ پنجگور میں کور کمانڈر بلوچستان کا خصوصی دورہ، جناح آئی ٹی ہب، سر سید احمد خان لاج اور علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ریاست اور اس کے ادارے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ یہ اقدامات اسی عزم کا عملی مظہر ہیں۔ دوسری جانب جنوبی بلوچستان بھر میں 14 اگست کی خوشیاں جس شان و شوکت، جوش و جذبے اور والہانہ انداز میں منائی گئیں، وہ اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان میں چند ملک دشمن عناصر جو بلوچیت کا لبادہ اوڑھ کر نسلی اور لسانی فساد پھیلا رہے ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے والہانہ محبت کرتے ہیں اور پاکستان ہی ان کی پہچان ہے۔ بلوچ ایک محب وطن قوم ہے جس نے قیام پاکستان کے لیے بھی گراں قدر قربانیاں دیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کو بلوچ قوم سے خصوصی محبت تھی، جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام بلوچستان کے شہر زیارت میں گزارے۔ بلوچستان پاکستان کی شہ رگ ہے، اس کے ماتھے کا جھومر اور ملک کا روشن مستقبل ہے۔


CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 18 AUG 2026 Page No. 14


# "کور کمانڈر بلوچستان کا دورہ پنجگور اور جشن آزادی کی خوشیاں"

گزشتہ دنوں کور کمانڈر بلوچستان نے پنجگور کا خصوصی دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انشیٹو (BSDI) کے تحت قائم کیے گئے جناح آئی ٹی ہب، یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام قائم کیے گئے سر سید احمد خان لاؤنج اور تزئین و آرائش کے بعد فعال ہونے والے علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح کیا۔ جناح آئی ٹی ہب کے قیام کا مقصد پنجگور کے نوجوانوں کو جدید ڈیجیٹل تعلیم، پیشہ ورانہ مہارتوں اور ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ کر کے بااختیار بنانا ہے۔ اس آئی ٹی ہب میں 50 جدید کمپیوٹرز پر مشتمل آئی ٹی ہال، ڈیجیٹل لائبریری اور فری لانسرز ہب قائم کیے گئے ہیں، جبکہ تیز رفتار انٹرنیٹ کے ساتھ ای کامرس اور فری لانسنگ کی سہولیات بھی فراہم کی گئی ہیں۔ بجلی کی بلاتعطل فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ہیوی سولر سسٹم بیک اپ بھی موجود ہے، تاکہ نوجوان جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کرتے ہوئے اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو مزید نکھار سکیں۔ مزید برآں کور کمانڈر نے یونیورسٹی آف مکران میں ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) پرواز فاؤنڈیشن کے زیر انتظام قائم کیے گئے سر سید احمد خان لاؤنج کا بھی افتتاح کیا۔ اس لاؤنج میں طلبہ و طالبات کے لیے علیحدہ اور معیاری تفریحی و کیفے ٹیریا کی سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جبکہ ساتھ ہی مسجد بھی تعمیر کی گئی ہے۔ طلبہ کو بہتر اور معیاری ماحول فراہم کرنے کے لیے قائم کیا گیا یہ لاؤنج تعلیمی سرگرمیوں کے ساتھ مثبت اور صحت مند مشاغل کے فروغ میں بھی معاون ثابت ہوگا۔ اسی دورے کے دوران یونیورسٹی آف مکران میں 120 نشستوں پر مشتمل علامہ اقبال آڈیٹوریم کا بھی افتتاح کیا گیا۔ آڈیٹوریم کی تزئین و آرائش کے ساتھ جدید فرنیچر اور ساؤنڈ سسٹم بھی فراہم کیا گیا ہے، جس سے یونیورسٹی میں ملکی، تعلیمی اور دیگر تقریبات کے انعقاد کے لیے ایک بہتر سہولت میسر آگئی ہے۔ اس موقع پر کور کمانڈر بلوچستان




نے نوجوانوں کو جدید تعلیم اور ڈیجیٹل اسکلز کے حصول پر زور دیتے ہوئے کہا کہ بدلتے دور کے تقاضوں کے مطابق جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ رہنا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی ایک اجتماعی ذمہ داری ہے، جبکہ سیکیورٹی فورسز کا مقصد علاقے میں پائیدار امن، عوامی خواہشات کے مطابق ترقیاتی منصوبوں پر عملدرآمد اور بہتر عوامی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ مزید یونیورسٹی آف مکران اور ویمن اسکل ڈویلپمنٹ سینٹر پنجگور کے مختلف شعبوں میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ و طالبات میں لیپ ٹاپ بھی تقسیم کیے گئے۔ یہ اقدام محنت اور قابلیت کا مظاہرہ کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کے ساتھ انہیں جدید تعلیمی وسائل فراہم کرنے کی جانب بھی ایک اہم قدم ہے۔ پنجگور میں ان تعلیمی اور ڈیجیٹل سہولیات کے افتتاح کے بعد جنوبی بلوچستان میں 79 ویں یوم آزادی کی تقریبات کا ذکر بھی ایک خوبصورت قومی منظر پیش کرتا ہے۔ جنوبی بلوچستان بھر میں یوم آزادی انتہائی عقیدت، جوش و جذبے اور شایان شان انداز میں منایا گیا۔ ہیڈ کوارٹر ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) تربت اور ڈپٹی کمشنر آفس کیچ میں پرچم کشائی کی پروقار تقریبات منعقد ہوئیں، جبکہ مرکزی تقریب تربت آڈیٹوریم میں ہوئی۔ اس تقریب میں سیاست دانوں، علاقائی عمائدین، طلبہ و طالبات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی۔ طلبہ نے ولولہ انگیز تقاریر، ٹیبلو، ملی نغموں اور آرٹ نمائش کے ذریعے پاکستان سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ ان سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت نے جشن آزادی کی تقریبات کو مزید خوبصورت بنا دیا۔

جشن آزادی کی مناسبت سے تربت شہر میں ایک شاندار ریلی بھی نکالی گئی جس میں تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بھرپور شرکت کی۔ شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان کے پرچم تھام رکھے تھے، جبکہ شہریوں نے اپنی گاڑیوں پر بھی قومی پرچم آویزاں کیے ہوئے تھے۔ ریلی کے شرکاء نے وطن عزیز سے والہانہ محبت کا اظہار کرتے ہوئے اس کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کے عزم کا اعادہ کیا۔ جنوبی بلوچستان کے دیگر علاقوں، بشمول دشت، خاران، ماشکیل، ہوشاب، پنجگور، بلیدہ، مند، تمپ، والبدین اور تفتان میں بھی یوم آزادی کی مناسبت سے رنگارنگ تقریبات اور ریلیوں کا انعقاد کیا گیا۔ شہریوں نے قومی پرچم ہاتھوں میں تھامے، مختلف پروگراموں میں شرکت کی اور وطن سے محبت کا اظہار کیا۔ مختلف علاقوں میں کرکٹ، فٹ بال اور فٹسال کے مقابلے بھی منعقد ہوئے جن میں نوجوانوں نے بھرپور جوش و خروش سے حصہ لیا۔ کھیل نہ صرف جسمانی صحت کے لیے اہم ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک، برداشت اور مثبت مسابقت کا جذبہ بھی پیدا کرتے ہیں۔

قومی دن کے موقع پر کھیلوں کے انعقاد سے یہ امر بھی نمایاں ہوتا ہے کہ نوجوان نسل کو تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں سے جوڑنے کی کوششیں کا اہم حصہ ہیں۔ جنوبی بلوچستان میں 79 ویں یوم آزادی کی تقریبات نے قومی جذبے، یکجہتی اور حب الوطنی کی بھرپور عکاسی کی۔ شہریوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ وطن عزیز کی سلامتی، ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے اور پاکستان کی تعمیر و ترقی میں ریاستی اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے۔

پنجگور میں کور کمانڈر بلوچستان کا خصوصی دورہ، جناح آئی ٹی ہب، سر سید احمد خان لاؤنج اور علامہ اقبال آڈیٹوریم کا افتتاح اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ریاست اور اس کے ادارے بلوچستان کے نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے مواقع فراہم کرنے کے لیے ہمہ وقت کوشاں ہیں۔ یہ اقدامات اسی عزم کا عملی مظہر ہیں۔ دوسری جانب جنوبی بلوچستان بھر میں 14 اگست کی خوشیاں جس شان و شوکت، جوش و جذبے اور والہانہ انداز میں منائی گئیں، وہ اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ بلوچستان میں چند ملک دشمن عناصر جو بلوچیت کا لبادہ اوڑھ کر نسلی اور لسانی فساد پھیلا رہے ہیں، ان کے علاوہ بلوچستان کے عوام پاکستان سے والہانہ محبت کرتے ہیں اور پاکستان ہی ان کی پہچان ہے۔ بلوچ ایک محب وطن قوم ہے جس نے قیام پاکستان کے لیے بھی گراں قدر قربانیاں دیں۔ قائداعظم محمد علی جناح کو بلوچ قوم سے خصوصی محبت تھی، جس کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام بلوچستان کے شہر زیارت میں گزارے۔ بلوچستان پاکستان کی شہ رگ ہے، اس کے ماتھے کا جھومر اور ملک کا روشن مستقبل ہے۔